سوال

(173) کیاشہادت حسین مذہب اسلام کے لئے ضروری تھی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت مذہب اسلام کے لئے ضروری تھی اور یہ سچ ہے۔ کہ آپ محمد یہ ﷺ کے واسطے کفارہ وہوئے۔۔؟ 4 ربیع الاول 38 سنہ ھ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلام نے کسی کو کفارہ نہیں بنایا بجز توبہ اور اعمال صالحہ کے۔

إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ ۷۰ سورة الفرقان

امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ایک اندوہناک واقعہ ہے۔ مگر مذہب اسلام کی نہ کوئی ضرورت اس پر موقوف تھی۔ نہ اسلام کی ذات میں یہ داخل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ قبل از وقعہ شہادت فوت ہوگئے۔ ان کے ایمان میں نہ کوئی خلل ہ نہ نقصان۔۔؟

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص368

محدث فتویٰ